# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ششم | مضمون۔ اردو لازمی | کتاب کا نام۔ چمپا |
| سبق کا نام۔ "حمد" | صفحہ نمبر۔2 تا 3 | پہلی سہ ماہی |

**یونٹ نمبر 1**

شاعر کا نام: راشد الخیری

سوال نمبر۔ 1 (ذخیرہ الفاظ یعنی الفاظ کے معانی

جواب:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| **جنابِ باری** | اللہ کے حضور | **انس وجان** | انسان اور جن | **خورشید** | سورج |
| **فانی** | ختم ہونے والا | **این و آں** | یہ اور وہ | **توصیف** | تعریف |
| **عرشِ بریں** | بادشاہ کا تخت | **ہر جا ظہور** | ہر جگہ ظاہر ہونا | **مشت خاکی** | مٹھی بھر خاک یعنی انسان |

سوال نمبر 2: نظم کے وہ الفاظ تحریر کریں جو ایک دوسرے کی ضد بیان کر رہے ہیں۔ جیسے بحر و بر

جواب: بحر و بر    این و آں    از ماہ تا بماہی    انس و جاں    نہاں عیاں    خشک و تر

## کثیر الانتخابی سوالات

سوال نمبر 3 : مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے درست جواب کے گرد دائرہ بنا کر خالی جگہ میں لکھیے۔

I. اس حمد کے شاعر راشد الخیری ہیں۔

(الف) راشد الخیری    (ب) مولانا ظفر علی خان    (ج) اسماعیل میرٹھی

II. لفظ باری سے مراد پیدا کرنے والا ہے۔

(الف) روزی دینے والا (ب) پیدا کرنے والا (ج) موت دینے والا

III. راشد الخیری نے اصلاحی ناول لکھے۔

(الف) اصلاحی (ب) تاریخی (ج) مزاحیہ

IV. قریب کی ضد دور ہے۔

(الف) نزدیک (ب) دور (ج) عجیب

V. قواعد کے مطابق لفظ "اس" اسم ضمیر ہے۔

(الف) اسم آلہ (ب) اسم ضمیر (ج) اسم نکرہ

VI. حمد کا مرکزی خیال اللہ کی تعریف ہوتا ہے۔

(الف) اللہ کی تعریف (ب) حضور ﷺ کی تعریف (ج) فطری مناظر بیان کرنا

**سوال نمبر 4 : مختصر سوالات وجوابات**

1۔ "حمد" کسے کہتے ہیں؟

جواب: "حمد" اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرنے کو کہتے ہیں۔

2۔ "وہ خالقِ جہاں ہے وہ رازقِ جہاں ہے" اس شعر کا مطلب لکھیں۔

جواب: اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا اور روزی دینے والا ہے۔

3۔ "حمد" سے اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرنے والے الفاظ چن کر لکھیے۔

جواب: خالق ، رازق ، باری ، معبود انس وجاں ، حاکم بحر وبر

4۔ شاعر نے حمد کے آخری دو اشعار میں اپنی بے بسی کا اظہار کرتے ہوئے کون سی ضرب المثل استعمال کی ہے؟

جواب: چھوٹا سا منہ ، بڑی بات

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ششم | مضمون۔ اردو لازمی | کتاب کا نام۔ چمپا |
| سبق کا نام: "حمد" | صفحہ نمبر۔ 2-3 | پہلی سہ ماہی |

متفرق سرگرمیاں

**سرگرمی نمبر 1**

سوال نمبر 1: 10 اسمائے حسنہ (اللہ تعالیٰ کے نام) لکھیے اور یاد کیجیے۔

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر 2: اپنی پسند کے حمدیہ کلام سے کوئی سے تین اشعار لکھیں۔

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر 3: درج ذیل الفاظ کے توڑ لکھیں۔

| جوڑ | توڑ |
|---|---|
| مشت خاکی | |
| جھمیلا | |
| توصیف | |
| خورشید | |
| شہنشاہ | |